## سوال

جمعہ کے دن قبولیت دعاء کی گھڑی اور سورہ کہف کی تلاوت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جمعہ کے دن سورہ کہف پڑھنے کی کوئی خاص فضیلت ہے ؟ کیا یہ صحیح ہے کہ جمعہ کے دن قبولیت دعاء کی گھڑی اذان اول اور اقامت کے درمیان ہوتی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جمعہ کے دن سورہ کہف پڑھنے کی فضیلت کے بارے میں ایک حدیث آئی ہے جسے حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر کے آغاز میں ذکر فرمایا ہے لیکن حدیث میں ضعف ہے بہت سے فقہاء نے اس سورت کے پڑھنے کو مستحب قرار دیا اور اپنی کتابوں میں اسے ذکر فرمایا ہے ۔جمعہ کے دن قبولیت دعاء والی گھڑی کے بارے میں یہ احادیث سے یہ ثابت ہے کہ یہ گھڑی عصر کے بعد آخری گھڑی ہے اور یہ بھی احادیث میں وارد ہے کہ یہ گھڑی منبر پر امام کے بیٹھنے سے لے کر نماز کے ختم ہونے تک ہے اس کے علاوہ اس گھڑی کے بارے میں اور بھی کئی قول ہیں اس لئے مسلمان کو چاہئے کہ جمعہ کا سارا دن خوب کوشش کر کے دعاء میں بسر کرے تاکہ اس گھڑی کو حاصل کرنے میں کامیابی سے ہمکنار ہوسکے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

# ج1ص538

### محدث فتویٰ